www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara

روزنامہ راشٹریہ سہارا

ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA HYDERABAD

ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار

Editions:
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru

حیدرآباد، جمعہ، 08 اکتوبر 2021ء، مطابق، یکم ربیع الاول، 1443ھ | یعنی مکمل سچ | ○ حب الوطنی ○ فرض شناسی ○ ایثار | جلد:(16) شمارہ:(022) | قیمت:-/Rs.4.00 صفحات:12

Friday, 08 October 2021

5

سعودی خاتون کو اعلیٰ اعزاز

دنیا کی 10 بااثر ترین شخصیات میں شامل

لکھیم پور سانحہ: ایک رکنی تحقیقاتی کمیشن کی تشکیل

یوپی حکومت اسٹیٹس رپورٹ پیش کرے۔ ایف آئی آر میں درج ملزمین کی عدم گرفتاری پر سپریم کورٹ پر برہم

نئی دہلی (یو این آئی) سپریم کورٹ نے لکھیم پور کھیری تشدد معاملہ کی، جس میں کسانوں سمیت 8 افراد کی ہلاکت ہوئی ازخود نوٹس' کی سماعت کرتے ہوئے اتر پردیش حکومت کو ہدایت کی کہ وہ 3 اکتوبر کے واقعہ سے متعلق ایف آئی آر پر

تشدد کیس کو آج ازخود سماعت کیلئے درج کیا گیا تھا، تین آگے کی سماعت مقدمہ عارضی کے طور پر کی جائے گی۔ اس کے بعد ڈویژن بنچ نے اسے مقدمہ کی درخواست کے طور پر مزید سننے کا حکم دیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ معاملہ صرف مفاد عامہ کی درخواست کے طور پر سنا جائے گا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ عدالت عظمیٰ نے دو وکلا کے خطوط کے ذریعے تشدد کے بارے میں معلومات حاصل کی ہیں۔ اس کی وجہ سے الجھن کی ایسی صورت حال پیدا ہوئی ہے۔ انہوں نے رجسٹری کو حکم دیا ہے کہ اس معاملے کو مفاد عامہ کی درخواست کے طور پر درج کیا جائے۔ مفاد عامہ کی درخواست کے حصے کے طور پر اس معاملے کی کل سماعت ہوگی۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ بدھ کو سپریم کورٹ کی ویب سائٹ پر بتایا گیا تھا کہ سپریم کورٹ نے اتر پردیش کے لکھیم پور کھیری میں 3 اکتوبر کو ہونے والے تشدد کا ازخود نوٹس لیا ہے۔ سماعت چیف جسٹس این وی رمن، جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس ہیما کوہلی کی ڈویژن بنچ نے کی۔

24 گھنٹوں میں تفصیلی اسٹیٹس رپورٹ پیش کی جائے۔ عدالت عظمیٰ نے کہا کہ ایف آئی آر میں درج ملزمان کو اب تک گرفتار کیا گیا یا نہیں، اس بارے میں بھی اتر پردیش سرکار ہمیں آگاہ کرائے۔ عدالت عظمیٰ نے تشدد میں اپنے 19 سال کے بیٹے کے مارے جانے کے واقعہ کے سبب سنگین طور سے بیمار ایک خاتون کا مکمل علاج کرانے کا بھی حکم ریاستی سرکار کو دیا۔ متاثرہ کی جانب سے ایک وکیل نے خاتون کی صحت کی حالت کے بارے میں عدالت کو آگاہ کیا کہ رجسٹری آفس کے ساتھ اطلاعات کی ترسیل کی خامیوں کی وجہ سے لکھیم پور کھیری

مزید 6 ماہ تک ٹرین میں اور ریلوے اسٹیشن پر ماسک لازمی

نئی دہلی (یو این آئی) ٹرین اور ریلوے اسٹیشن پر میں بڑے پیمانے پر اوقافی جائیدادوں کی بتاہی اور اربوں ماسک نہ پہننے پر 500 روپے کے جرمانے کا ضابطہ مزید 6 ماہ نافذ رہے گا۔ وزارت ریلوے نے اس کا اعلان کیا ہے۔ وزارت ریلوے نے ایک نئے حکم میں کہا ہے کہ کووڈ-19 سے متعلق ہدایات کو 'گائڈ 6 ماہ یا کسی اور حکم تک' بڑھا دیا گیا ہے۔ اس میں کہا گیا ہے، 'ریلوے اسٹیشن اور ٹرین میں ماسک نہ پہننے پر 500 روپے تک جرمانہ ہوسکتا ہے'۔ ہندوستان میں کووڈ-19 کا خطرہ یقینی طور پر کم ہوا ہے، لیکن اب بھی قائم ہے۔ وزارت صحت کے تازہ ترین اعداد وشمار کے مطابق اس وقت ملک میں کووڈ مریضوں کی تعداد 244198 ہے۔ یہ تعداد گزشتہ 204 دنوں میں سب سے کم ہے۔ واضح رہے کہ مرکزی وزارت صحت کی جانب سے جمعرات کی صبح جاری اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا کے 22431 نئے کیسز کی تصدیق ہوئی، جس کی وجہ سے متاثرہ افراد کی تعداد 3 کروڑ 38 لاکھ 94 ہزار 312 ہوگئی ہے۔ دریں اثنا مزید 24602 مریضوں کی صحت یابی کے بعد، کورونا سے نجات پانے والے لوگوں کی تعداد 3 کروڑ 32 لاکھ 258 ہوگئی ہے۔ ایکٹو کیسز 2489 کم ہو کر 2 لاکھ 44 ہزار 198 ہوگئے ہیں۔ وہیں 318 مریضوں کی موت کی وجہ سے اموات کی تعداد بڑھ کر 449856 ہو گئی ہے۔ ملک میں ری کوری کی شرح 97.95 فیصد ہے اور فعال کیسز کی شرح 0.72 پر آگئی ہے۔

کے سی آر حکومت کا ایوان اسمبلی میں ایک اور تاریخی، انقلابی اور قابل تقلید اعلان

وقف اراضیات پر قبضوں کی سی بی۔ سی آئی ڈی تحقیقات کا فیصلہ

کے سی آر کے فیصلے کا خیر مقدم: محمد محمود علی۔ منشائے وقف کے تحفظ سے متعلق وزیر اعلیٰ کا فیصلہ لائق ستائش: اکبرالدین اویسی

حیدرآباد۔ (سہارا نیوز بیورو) حکومت تلنگانہ نے ایوان اسمبلی ایک تاریخی، انقلابی اور قابل تقلید اقدام اٹھاتے ہوئے ریاست تلنگانہ کی اوقافی جائیدادوں کے تحفظ سے متعلق سی بی سی آئی ڈی تحقیقات کا فیصلہ کرتے ہوئے منشائے وقف کے

تحفظ کی ایک مثال قائم کردی۔ واضح رہے کہ ریاست تلنگانہ میں بڑے پیمانے پر اوقافی جائیدادوں کی بتاہی اور اربوں روپیوں کی اراضیات جو قانونی کشمکش کا شکار تھیں حکومت کے اس فیصلے کے بعد وقف مافیا پر کیل کسنے اور ان کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے میں کافی مدد ملے گی۔ تفصیلات کے مطابق چیف منسٹر چندر شیکھر راو نے ریاست میں اوقافی اراضیات کی بتاہی کا جائزہ لینے کے لئے سی بی سی آئی ڈی تحقیقات کا اعلان کیا ہے چیف منسٹر نے واضح کیا کہ انہیں وقف کی اراضی کی اکھوائری کروانے پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ وزیر اعلیٰ کے سی آر نے قانون ساز اسمبلی میں دبیٰ ترقی پر ہوئے مختصر بحث کے دوران یہ بات کی۔ انہوں نے کہا کہ غریبوں کیلئے انصاف دلانے کے معاملے میں یقیناً حکومت مثبت ہے۔ وقف اراضیات پر ناجائز قبضوں کی تحقیقات ہونی چاہیے۔ سرکاری

- سی بی، سی آئی ڈی تحقیقات کے ذریعہ تلنگانہ بھر میں اربوں روپیوں کی وقف جائیدادوں کا تحفظ ممکن
- ریاست کے اوقافی جائیدادوں سے متعلق دیرینہ مقدمات کی بھی جلد یکسوئی یقینی
- تلنگانہ وقف بورڈ میں ہونے والی دھاندلیوں کی بھی مکمل تحقیقات کرائی جائے۔ چیف منسٹر کا تیقن

ریکارڈ کی بنیاد پر ریونیو اور وقف بورڈ مجنمد کردیے گئے ہیں۔ حکومت نے انہیں کسی بھی حالت میں رجسٹر نہیں کیا ہے۔ ریاستی وزیر داخلہ محمد محمود نے وزیر اعلیٰ کے فیصلہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے تاریخ ساز فیصلہ کے ذریعہ تلنگانہ میں وقف اراضیات پر ناجائز قبضہ کرنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقلیت نواز وزیر اعلیٰ کے سی آر کے فیصلہ سے تلنگانہ میں وقف اراضیات کے تحفظ کو یقینی بنانے کی جانب سے بہترین قدم ہے۔ قائد حقیقت مجلس جناب اکبرالدین اویسی کا کہنا ہے کہ بعض معاملات میں وقف بورڈ عدالتوں میں مناسب طریقے سے بحث نہیں کی جس کی وجہ وقف املاک خانگی افراد کے ہاتھوں چلی گئی ہے کے سی آر نے کہا کہ میں آج وقف بورڈ میں ہونے والی دھاندلیوں کی سی بی سی آئی اکھوائری کا حکم دوں گا۔ واضح رہے کہ قائد حقیقت مجلس جناب اکبرالدین اویسی مسلمانوں سے تعلق رکھنے والے اس اہم مسئلہ کی یکسوئی کیلئے ایک طویل عرصے سے ایوان اسمبلی میں جدوجہد کررہے تھے۔ اس کے علاوہ ریاست بھر کی مختلف وقف سوسائٹیز بھی وقف اراضیات پر ناجائز قابضین کے ناپاک عزائم اور بڑھتے ہوئے اسکامس پر شدید تشویش کا اظہار کررہے تھے تاہم چیف منسٹر کے سی آر کے اس اہم کارنامہ کے بعد منشائے وقف کے تحفظ اور وقف جائیدادوں کے ذریعہ مسلمانوں کی معاشی وسماجی ترقی کی راہ ہموار ہونے کے امکانات ظاہر کیے جارہے ہیں۔

ملک کو 35 آکسیجن پلانٹ کی سوغات

کووڈ وبا سے نمٹنے کی تیاریوں پر ہندوستان نے اپنی صلاحیت کا اظہار کیا: وزیر اعظم

رشی کیش (یو این آئی) وزیر اعظم مودی نے کہا کہ کورونا وبا سے نپٹنے کیلئے ہندوستان نے بہت کم وقت میں جو تیاریاں کیں، وہ ملک کی صلاحیت کا مظہر ہیں۔ انہوں نے ملک میں کووڈ ٹیکہ کاری مہم کی رفتار کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ویکسین کی 93 کروڑ ڈوز لگائی جاچکی ہیں اور جلد ہی ملک 100 کروڑ ویکسین لگانے کا اعداد وشمار پار کرلے گا۔ مودی، آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز رشی کیش میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے ملک میں

مختلف مقامات پر قائم پی ایس اے ٹیکنالوجی والے 35 آکسیجن پلانٹوں کا باضابطہ افتتاح کیا۔ یہ پلانٹ وزیر اعظم کیئر یوجنا کے تحت قائم کئے گئے ہیں۔ وزیر اعظم مودی نے آئینی عہدہ، وزیر اعلیٰ اور وزیر اعظم کے عہدہ پر آج 20 برس کی خدمت مکمل کرلی ہے۔ مسٹر مودی نے اس موقع پر کہا کہ لوگوں کے درمیان رہ کر لوگوں کی خدمت کرنے کے میرا سفر کوئی دہائیوں پہلے سے جاری تھا، لیکن آج سے 20 برس قبل گجرات کے وزیر اعلیٰ کے طور پر مجھے نئی ذمہ داری ملی تھی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ کورونا سے لڑائی کیلئے اتنے کم وقت میں ہندوستان نے جو سہولیات تیار کیں، وہ ہمارے ملک کی صلاحیت کا مظہر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شروع میں ایک ڈاکٹری جانچ لیب سے تقریباً 3 ہزار ٹیسٹنگ لیبس کا نیٹ ورک کھڑا کرنے کا کام کیا گیا ہے۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ ملک نے ماسک اور کٹس کے اپورٹر سے ایکسپورٹر تک کا سفر طے کیا ہے۔ ملک کے دور دراز علاقوں میں بھی ویٹی لیٹرس کی سہولیات، میڈیا انڈیا کورونا ویکسین کی تیزی سے بڑی تعداد میں تیاری، دنیا کی سب سے بڑی اور سب سے مہنگی ٹیکہ کاری مہم ہندوستان نے جو کر دکھائی ہے، وہ ہمارے عزم، ہمارے خدمت کے جذبہ، ہمارے اتحاد کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہر ہندوستانی کیلئے فخر کی بات ہے کہ کورونا ویکسین کی 93 کروڑ ڈوز لگائی جاچکی ہیں۔ بہت جلد ہم 100 رقم کا اعداد وشمار پار کرلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان نے ٹیکہ کاری کیلئے کووڈ پلیٹ فارم تیار کرکے دنیا کی رہنمائی کی ہے کہ اتنے بڑے پیمانہ پر ویکسی نیشن کیسے کی جاتی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آج حکومت اس بات کا انتظار نہیں کرتی کہ شہری اس کے پاس اپنے مسائل لے کر آئیں گے، تب کوئی قدم اٹھائیں گے۔

تبدیلی مذہب کے الزام میں مولانا کلیم الدین کے ساتھی سرفراز علی جعفری گرفتار

لکھنؤ (ایجنسیز) یوپی اے ٹی ایس نے تبدیلی کے معاملے پر ایک اور گرفتاری کی ہے۔ اے ٹی ایس نے سرفراز علی جعفری کو تبدیلی مذہب کے الزام میں امروہہ ضلع سے گرفتار کیا ہے۔ اے ٹی ایس کے مطابق جعفری 2016 سے غیر قانونی تبدیلی مذہب میں ملوث ہیں اور مولانا کلیم صدیقی کیساتھ کام کررہے تھے۔ آئی جی، اے ٹی ایس نے کہا کہ جعفری، مولانا کلیم صدیقی کے گلیمل پیس سنٹر میں کام کرتے تھے، جنہیں پہلے گرفتار کیا گیا تھا۔ وہ ریورٹ، ریہاب اور وڈھو واٹس ایپ گروپس کے رکن بھی ہیں جن کے ذریعہ اس کے گینگ کے ممبران مذہبی منافرت پھیلاتے ہیں، لوگوں کو اسلام قبول کرنے پر آمادہ کرتے ہیں۔

تنزانیہ کے عبدالرزاق قورنہ کو ادب کا نوبل انعام

اسٹاک ہوم (یو این آئی) سویڈش اکیڈمی آف نوبل پرائز نے 2021 کا ادب

کا نوبل انعام تنزانیہ کے 73 سالہ ناول نگار عبدالرزاق قورنہ کو دینے کا اعلان کیا ہے۔ نوبل پرائز کی ویب سائٹ کے مطابق عبدالرزاق قورنہ کو نوآبادیات کی تہذیبوں پر اثرات اور پناہ گزینوں کے ساتھ مختلف برعظموں میں پیش آنے والے مصائب کو انتہائی آسان الفاظ میں بیان کرنے کی وجہ سے ادب کے نوبل انعام کیلئے منتخب کیا گیا۔ عبدالرزاق قورنہ جوانی میں ہی برطانیہ ہجرت کرگئے تھے اور انہوں نے وہاں تعلیم حاصل کرنے سمیت ملازمت بھی اختیار کی اور وہ یونیورسٹی میں ادب کے پروفیسر بھی رہے۔ عبدالرزاق قورنہ کے 10 ناول اور مختصر اسٹوریز کی کتابیں شائع ہوچکی ہیں۔

آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ کا لکھنؤ میں انتخابی اجلاس!

ایک صدر، 5 نائب صدور، 5 سکریٹریز اور ایک جنرل سکریٹری کا انتخاب متوقع

لکھنؤ (محمد غفران نسیم/ ایس این بی) آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ کا دوروزہ انتخابی اجلاس 21-20 نومبر کو لکھنؤ میں ہوگا۔ یہ پہلا موقع ہوگا، جس میں جلسہ عام نہیں ہوگا۔ کووڈ اور ملک کے موجودہ حالات کے پیش نظر بورڈ نے اپنی کارروائی کو مختصر کرتے ہوئے سہ روزہ کے بجائے دوروزہ اجلاس میں مکمل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ 2010 کے بعد ایک بار پھر لکھنؤ میں بورڈ کا عام اجلاس ہوگا۔ اس بورڈ کے 3 نائب کنوینر ممبران نیز عہدیداران کا انتخاب بھی عمل میں آئے گا۔ فی الوقت بورڈ کے 3 عہدیداران اور 5 ایگزیکٹیو ممبران کی وفات ہوجانے کے سبب یہ نشستیں خالی ہیں۔ بورڈ میں کل 251 ممبران ہیں، جن میں سے 101 تاسیسی ممبران ہوتے ہیں اور 150 میقاتی ممبر۔ انہیں ہی میں سے اراکین تاسیسی اور پھر ان میں سے ایگزیکٹیو ممبران کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ اس انتخابی اجلاس میں بورڈ کو تقریباً 2 درجن اراکین تاسیسی کا انتخاب بھی کرنا ہے، نیز ایک درجن سے زیادہ نئے میقاتی اراکین کو شامل کرنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق رواں مدت میں بورڈ کے 3 عہدیداران 2 نائب صدور مولانا محمد سالم قاسمی اور ڈاکٹر کلب صادق کے علاوہ جنرل سکریٹری مولانا ولی رحمانی کا انتقال ہوگیا۔ یہ اراکین تاسیسی بھی تھے۔ اس کے علاوہ اراکین تاسیسی میں

سید شہاب الدین، مولانا صغیر احمد رحمانی، قاضی محمد قاسم مظفر پوری، ایم اے راشد انجینئر، مولانا نادر بان الدین سبحانی، مولانا محمد شفیق عالم قاسمی، مفتی محمد اشرف علی، مولانا محمد طیب الرحمٰن، مولانا محمد رفیق قاسمی، پروفیسر کے اے صدیق حسن، مفتی حسین احمد، مفتی فضل الرحمٰن ہلال عثمانی، امین عثمانی، مولانا اسرار الحق قاسمی (ایم پی)، مولانا عبداللہ اسماعیل پٹیل، عبدالقدیر ایڈووکیٹ، عبدالوہاب خلجی کا انتقال ہوگیا ہے۔ ان کی جگہ پر نئے ممبران کو شامل کیا جائے گا۔

ضمنی انتخابات: بی جے پی امیدواروں کا اعلان

نئی دہلی (یو این آئی) بی جے پی نے 7 ریاستوں میں تین لوک سبھا نشستوں اور 16 اسمبلی نشستوں پر ضمنی انتخابات کیلئے امیدواروں کا اعلان کیا۔ پارٹی نے لوک سبھا ضمنی انتخابات کیلئے دادر نگر حویلی سے مہیش گاوت، ایم پی کے کھنڈوا سے گیانیشور پاٹل، ہماچل پردیش کے منڈی سے بر یگیڈیئر خوشحال ٹھاکر کو امیدوار بنایا ہے۔ ان علاقوں میں ووٹنگ 30 اکتوبر کو ہوگی اور گنتی 2 نومبر کو ہوگی۔ آندھرا پردیش کی باڈویل (ایس سی) سیٹ سے وِتھلا سریش، ہریانہ کے ایلن آباد سے گووند کانڈا، ہماچل پردیش کی فتح پور، ارکی اور جوبل دیگر کو ٹکٹ دیا گیا ہے۔

پاکستان، دہشت گردی کا سب سے بڑا حامی: ہندوستان

نیویارک (ایجنسیز) ہندوستان نے پاکستان کو ایک بار پھر اقوام متحدہ میں مسئلہ کشمیر اٹھانے پر سخت جواب دیتے ہوئے اس کو دہشت گردی کا سب سے بڑا حامی اور اس کو فروغ دینے والا ہے۔ ساتھ ہی اسے ہندوں، عیسائیوں، سکھوں اور بدھسٹوں سمیت تمام اقلیتوں پر ظلم کرنا بند کرنا چاہیے۔ ہندوستان کی مستقل مشن کی کونسلر اور قانونی مشیر نے دہشت گردی کیخلاف جنگ کو ہر محاذ پر لڑنے کی ضرورت پر زور دیا کہ تمام رکن ممالک کو انسداد دہشت گردی کے کانفرنسوں میں اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیے۔

امریکی نائب وزیر خارجہ وینڈی شرمن کی سہ روزہ دورہ پر دہلی آمد

ہرش وردھن شرنگلا اور اجیت ڈووال سے ملاقات۔ افغانستان کی صورتحال پر بات چیت

نئی دہلی (ایجنسیز) امریکی نائب وزیر خارجہ وینڈی شرمن نے سیکریٹری خارجہ ہرش وردھن شرنگلا اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈووال کے ساتھ افغانستان سمیت علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ بات چیت کے دوران افغانستان کی پیش رفت اور وہاں دہشت گردی کے خطرے پر خاص طور پر تبادلہ خیال کیا گیا اور اس کے سدباب کیلئے مشترکہ اقدامات پر غور کیا گیا۔ امریکی نائب وزیر خارجہ، جو ہندوستان کے تین روزہ دورے پر ہیں، نے وزیر اعظم نریندر مودی اور امریکی صدر جو بائیڈن کے درمیان ہندوستان حکام کیساتھ حالیہ دوطرفہ مذاکرات کے ایجنڈے پر پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔ افغانستان کے علاوہ انڈو پیسیفک خطے کے حوالے سے کواڈ کے کردار پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت خارجہ کے ترجمان ارندم باگچی نے سیکریٹری خارجہ شرنگلا کے ساتھ بات چیت کے بارے میں کہا کہ دونوں عہدیداروں نے کورونا وبا، وفاقی تعاون، اقتصادی تعلقات، موسمیاتی تبدیلی اور صاف توانائی کے مسائل پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں فریقوں نے اپنی جامع عالمی اسٹریٹجک شراکت داری کو آگے بڑھانے کا ارادہ ظاہر کیا۔ قومی سلامتی کے مشیر ڈووال سے ملاقات کے بعد وینڈی شرمن نے کہا کہ امریکہ نے افغانستان میں ہونے والی پیش رفت سے ہندوستان کی طرف سے اٹھائے گئے خدشات کو سنجیدگی سے لیا ہے۔

مینکا اور ورون گاندھی

بی جے پی ورکنگ کمیٹی سے باہر

نئی دہلی (یو این آئی) بی جے پی نے آج اپنی قومی ایگزیکٹو کا اعلان کیا، جس میں کل ملا کر 344 لیڈروں کو مختلف ذمہ داریاں دی گئی ہیں۔ بی جے پی کے جنرل سکریٹری نے جاری کیے رسلیز میں کہا کہ پارٹی صدر جگت پرکاش نڈا نے قومی ورکنگ کمیٹی، خصوصی مدعو رکان اور مستقل مدعو رکان کو مقرر کردیا ہے۔ فہرست میں مینکا گاندھی اور ورون گاندھی کا نام شامل نہیں کیا گیا ہے۔ نیشنل ورکنگ کمیٹی میں 80 ممبر ہیں۔

بارہ بنکی میں اندوہناک سڑک حادثہ۔ 15 افراد ہلاک

حشمت اللہ بارہ بنکی (ایس این بی) دیوی تھانہ کے تحت موضع ہبری کے پاس ایک گائے کو بچانے کی کوشش میں ڈبل ڈیکر وولوس ایک ٹرک سے ٹکرا گئی۔ حادثہ اتنا زوردار تھا کہ بس کے پرخچے اڑ گئے۔ یہ واقعہ آج جمعرات کی علی الصباح کسان پتھ پر پیش آیا۔ بس دہلی سے بہرائچ جارہی تھی، جس میں تقریباً 80 سواریاں تھیں، جن میں بیشتر سوار تھیں۔ 9 افراد کی موقعے پر ہی موت ہوگئی، جبکہ 6 نے اسپتال میں دم توڑ دیا۔ مرنے والوں میں 2 خواتین اور معصوم بچے بھی شامل ہیں۔ 26 مسافر زخمی ہوئے ہیں، جن میں 11 کی حالت تشویشناک ہے۔ 4 کا علاج اسپتال میں علاج ہو رہا ہے۔ 14 معمولی زخمیوں کو ابتدائی علاج کے بعد چھٹی دے دی گئی۔ ہلاک شدگان میں بیشتر کا تعلق بہرائچ ضلع سے ہے، جو دہلی میں بطور مزدور کام کرتے تھے۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی جانب سے اس حادثہ میں مرنے والوں کے اہل خانہ کو 2-2 لاکھ اور زخمیوں کو 50-50 ہزار روپے مالی امداد دینے کا اعلان ضلع کپتان ڈاکٹر آدرش سنگھ نے کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق دہلی سے بہرائچ جارہی پرائیویٹ کمپنی کی وولوس نمبر یوپی۔ 40 ٹی 9786 آج علی الصباح دیوی تھانہ کے تحت موضع ہبری کے پاس ایک گائے کو بچانے کی کوشش میں مخالف سمت سے آرہے ٹرک سے ٹکرا گئی۔

جو پڑھو وہ یاد ہو جائے

دھلوی

اور یاد بھی رہے!

www.sanaherbals.com
www.dehlirestedies.com

برینو

مکمل دماغی ٹانک

طالب علموں کے لیے خاص کر یادداشت، دماغ کے لیے مقوی قدرتی اجزا جیسے کھجور، آملہ، برنجی، بادام اور اخروٹ کا بے مثال سرکب

Mfd. by The Makers of
Dehlvi Remedies
the formidable brand of
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 Customer Care:95550 94254
Sole Distributor for Tilangana & Andhra Pradesh
9392310169, 9391019061
For Trade Enquiry 8105306199
Email: sanaherbals@gmail.com info@sanaherbals.com

بھارت کا انمول تحفہ

لقمان حیات تیل

جلنے، کٹنے، چوٹ، موچ، درد، سوجن، زخم، بواسیر اور مالش کیلئے بیحد مفید ہے۔

شباب حیات تیل کی شان۔ بالوں میں ڈالیے جان

شباب حیات تیل

بالوں کا گرنا اور روسی روکتا ہے، کالے، گھنے، لمبے اور مضبوط بالوں کیلئے استعمال کریں۔

صبوری

پین ریلیف آئل

جوڑوں کا درد بدن درد اور سر درد کیلئے مفید ہے۔

روئلس رول آن

COLD AND HEADACHE

سردی، سر درد، سائنس اور بدناک کے لئے مفید ہے۔

سبھی میڈیکل اسٹور میں دستیاب ہے۔

Mfd. by Mr. Amrelia MUMBAI. Tel : +9122-23441456 / 57 • www.roznamarashtriyaTel.com